سوال

(232)آخری تشہد میں دائیں بازو کی کیفیت کیا ہونی چاہیے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آخری تشہد میں دائیں بازو کی کیفیت کیا ہونی چاہیے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

درمیانے اور آخری تشہد میں دائیں ہتھیلی کی کئی کیفیات حدیث میں وارد ہوئی ہیں جن میں سے صرف دو مندرجہ ذیل ہیں ۔

(۱) ترپن کی صورت ۔ اور وہ اس طرح ہے کہ انگوٹھے کو سبابہ کی جڑ والی گرہ پر رکھ لیا جائے اور باقی تین انگلیوں کو ان کی جڑوں کی طرف قبض و بند کر لیا جائے ۔

(۲) سبابہ کو سیدھا رکھا جائے وسطیٰ اور انگوٹھے کے سروں کو ملا کر حلقہ بنا لیا جائے اور باقی دو انگلیوں کو قبض و بند کر لیا جائے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص 199

محدث فتویٰ